اسٹیٹ بینک کا مشرقِ وسطیٰ کے تنازع سے مہنگائی میں اضافے کا خدشہ

کراچی(لیبر نیوز کامرس اینڈ ٹریڈ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کے منٹس جاری کر دیے ہیں جس میں مشرقِ وسطیٰ کے تنازع کو ملکی معیشت کے لیے بڑا خطرہ قرار دیا گیا ہے۔

مرکزی بینک کے مطابق عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں 28 فیصد اور ایل این جی میں 38 فیصد اضافے سے پاکستان کا درآمدی بل اور مہنگائی بڑھنے کی توقع ہے۔

اسٹیٹ بینک نے شرح سود 10.5 فیصد پر برقرار رکھنے کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ جیو پولیٹیکل کشیدگی کی وجہ سے بیرونی شعبہ دباؤ کا شکار ہو سکتا ہے تاہم زرمبادلہ کے ذخائر جون 2026 تک 18 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے۔

دوسری جانب مالی سال کے بقیہ مہینوں میں مہنگائی کی شرح 7 فیصد سے اوپر رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے جس کی بنیادی وجہ توانائی کی بڑھتی قیمتیں اور مال برداری کے اخراجات ہیں